HBL HABIB BANK حبیب بینک

**HBL CreditCard**
**Key Fact Sheet**

اطلاق کا دورانیہ: 01 جنوری، 2026ء سے 30 جون، 2026ء

## HBL کریڈٹ کارڈ؛ بنیادی معلومات اور چارجز شیٹ (تفصیلات بکس)

ممکنات کی دنیا میں خوش آمدید۔ HBL کریڈٹ کارڈ کے ساتھ آزادی، وسعت اور ہر وقت سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ چاہے آپ نے شاپنگ کرنی ہو، ڈائننگ یا سفر کی تیاری ہو، HBL کریڈٹ کارڈ کے ساتھ آپ کی ہر چیز ہوجاتی ہے خاص۔ دنیا بھر میں لاکھوں مرچنٹس کی قبولیت لیئے HBL کریڈٹ کارڈ مایہ ناز فوائد، شاندار آفرز اور دلفریب سہولیات سے مزین ہے۔

### الف) بنیادی چارجز

| | |
|---|---|
| سالانہ شرح فیصد (APR) | 42% (حتمی) |
| | مارک-اپ کی ادائیگی کی مدت کے لیے / بقایا اصل رقم X 365 / دنوں کی تعداد X 100 |
| سالانہ شرح فیصد کا اطلاق ٹرانزیکشن کی تاریخ سے مکمل ادائیگی تک کسی جزوی ادائیگی، کم از کم ادائیگی یا عدم ادائیگی پر ہوگا۔ | |

| شرحِ سود | تعارفی | ماہانہ | سالانہ |
|---|---|---|---|
| سروس چارجز (ریٹیل ٹرانزیکشن) | لاگو نہیں | زیادہ سے زیادہ 3.5% | سالانہ زیادہ سے زیادہ 42% |
| سروس چارجز (کیش ایڈوانس) | لاگو نہیں | زیادہ سے زیادہ 3.5% | سالانہ زیادہ سے زیادہ 42% |
| سروس چارجز (بیلنس ٹرانسفر فیسیلیٹی) | لاگو نہیں | 2.0% | 24.0% |
| سروس چارجز (HBL انسٹالمنٹ پلان) | لاگو نہیں | 2.0% | 24.0% |

| بنیادی چارجز (قانون کے مطابق FED لاگو ہوگی) | HBL ویزا/ماسٹر کارڈ کریڈٹ کارڈ | | | HBL فیول سیور کریڈٹ کارڈ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | HBL گرین کریڈٹ کارڈ | HBL گولڈ کریڈٹ کارڈ | HBL پلاٹینم کریڈٹ کارڈ | HBL گرین کریڈٹ کارڈ | HBL گولڈ کریڈٹ کارڈ |
| شمولیت کی فیس | HBL کریڈٹ کارڈ کے اجراء کے وقت کوئی بھی شمولیت کی فیس نہیں ہوتی۔ | | | | |
| سالانہ/ماہانہ فیس* | 6,500 روپے (سالانہ) | 14,000 روپے (سالانہ) | 22,000 روپے (سالانہ) | 350 روپے (ماہانہ) | 700 روپے (ماہانہ) |
| سپلیمنٹری سالانہ/ماہانہ فیس | 3,250 روپے (سالانہ) | 7,000 روپے (سالانہ) | 11,000 روپے (سالانہ) | 175 روپے (ماہانہ) | 350 روپے (ماہانہ) |

*سالانہ/ماہانہ فیس کارڈ کے اجراء سے بالترتیب 45/30 دن کے اندر کارڈ ایکٹیویشن سے قطع نظر لاگو ہوگی۔

HBL گرین کریڈٹ کارڈ پر -/50,000 روپے، HBL گولڈ کریڈٹ کارڈ پر -/200,000 روپے اور HBL پلاٹینم کریڈٹ کارڈ پر -/500,000 روپے خرچ کرنے پر** سالانہ فیس کی واپسی کے لیے، اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کے 60 دن کے اندر جس میں سالانہ فیس وصول کی جاتی ہے، HBL کانٹیکٹ سینٹر کو 425-111-111 پر کال کریں یا customer.care@hbl.com پر ای میل کے ذریعے درخواست بھیجیں۔

نوٹ: HBL فیول سیور کریڈٹ کارڈ پر سالانہ فیس کی چھوٹ قابلِ اطلاق نہیں۔

موجودہ HBL کسٹمرز کے لیے، ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشن (کم از کم یا مکمل ادائیگی کے اختیار کے لیے) لازمی ہے کہ خرچ کرنے کی بنیاد پر سالانہ فیس کی چھوٹ حاصل کریں۔ بینک کے نئے کسٹمرز کے لیے ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشن کی شرط لاگو نہیں ہوگی۔

| | |
|---|---|
| BTF پروسیسنگ چارجز | 600 روپے یا منتقل ہونے والی رقم کا 3% جو بھی زیادہ ہو |
| انسٹالمنٹ پلان کے لیے قبل از وقت ادائیگی کے چارجز | بقایا اصل رقم کا 6% |
| لیٹ پیمنٹ فی | 2,500 روپے |
| انسٹالمنٹ پلان پروسیسنگ فیس | 1,200 روپے |
| کارڈ تبدیلی کی فیس | 1,200 روپے |
| کیش کے پیشگی اجراء کی فیس | 1,200 روپے یا نکالی جانے والی رقم کا 3% جو بھی زیادہ ہو |
| چیک واپسی کے چارجز | 1,200 روپے |
| یوٹیلیٹی بل ادائیگی کی فیس | کوئی نہیں |
| ڈپلیکیٹ اسٹیٹمنٹ کی فیس | کوئی نہیں |
| فارن ٹرانزیکشن چارجز | ٹرانزیکشن کی رقم کا 4% |
| ایس ایم ایس الرٹس فیس | کوئی نہیں |
| نقد ادائیگی کے چارجز | کسی بھی HBL برانچ کاؤنٹر پر نقد ادائیگی کے لیے کوئی چارجز نہیں |
| منسوخی کے چارجز | منسوخی کے کوئی چارجز نہیں ہیں |
| دوبارہ اجراء کے چارجز | کوئی ری نیول چارجز نہیں ہیں، صرف مندرجہ ذیل کے مطابق سالانہ فیس لاگو ہے۔ |

درخواست کی منظوری پر آپ کو HBL کریڈٹ کارڈ فراہم کرتے وقت HBL کریڈٹ کارڈ شیڈول آف چارجز میں مذکور دیگر چارجز کی تفصیل بھی فراہم کر دی جائے گی۔ کسی طرح کی بھی تبدیلی سے متعلق آپ کو بھیجے جانے والے شیڈول آف چارجز (کریڈٹ کارڈ سیکشن صرف) کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔اس کے ساتھ کریڈٹ کارڈ ویلکم پیک اور اسٹیٹمنٹ بھی فراہم کیا جائے گا۔تازہ ترین شیڈول آف بینک چارجز کے لیے آپ ہماری ویب سائٹ www.hbl.com بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**HBL کی جانب سے فراہم کئے جانے والی فیس کی چھوٹ، ڈسکاؤنٹس، پروموشنل آفرز اور دیگر سہولیات صوابدیدی ہوتی ہیں اور کارڈ ممبرز انہیں اپنے حق کے طور پر لینے کے مجاز نہیں ہوں گے۔ HBL اس بات کا مکمل طور پر مجاز ہے کہ کسی بھی وقت کوئی وجہ بتائے بغیر فیس کی چھوٹ، ڈسکاؤنٹس، پروموشنل آفرز اور دیگر سہولیات ختم کر دے، یا ان کی اہلیت کا بدل دے یا ان کے شرائط میں تبدیلی کرے۔

## ب) دیگر معلومات

| | | | |
|---|---|---|---|
| سود سے پاک دورانیہ | کم از کم 21 دن اور زیادہ سے زیادہ 51 دن<br>نوٹ: کم سے کم یا جزوی ادائیگی کی صورت میں کوئی انٹرسٹ فری مُدت نہیں ہوگی۔ | | |
| سود کی وصولی | نئی خریداریوں پر (ریٹیل ٹرانزیکشنز) پر کوئی سود چارج نہیں کیا جائے گا اگر ہر بلنگ سائیکل کے دوران ادائیگی مکمل طور پر اور مقررہ وقت پر کی جائے گی اور گزشتہ مہینوں کی کوئی بھی بقایہ جات نہیں ہوں گی، دوسری صورت میں سود لاگو ہونے کا دورانیہ درج ذیل کے مطابق ہوگا: | | |
| | سروس چارجز (ریٹیل ٹرانزیکشنز) | ٹرانزیکشن کی تاریخ سے | مکمل ادائیگی تک |
| | سروس چارجز (کیش ایڈوانس) | ٹرانزیکشن کی تاریخ سے | مکمل ادائیگی تک |
| | سروس چارجز (بیلنس ٹرانسفر فیسیلیٹی) | ٹرانزیکشن کی تاریخ سے | مکمل ادائیگی تک |
| ادائیگی کی تخصیص | کارڈ ممبر یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی جانب سے بینک کو ملنے والی تمام رقوم اکاؤنٹ کے موجودہ یا گزشتہ غیر ادا شدہ فیس، کیش ایڈوانسز، چارجز، ادائیگیوں، HIP اور دیگر اخراجات کی مد میں درج ذیل کے مطابق ترجیحی طور پر یا بصورتِ دیگر جیسے بینک مناسب سمجھتا ہے لگائی جائیں گی:<br>ا) گذشتہ کسی بھی اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ میں مذکور تمام بقایہ سروس چارجز اور دیگر فیس<br>ب) گذشتہ کسی بھی اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ میں مذکور تمام کارڈ ٹرانزیکشنز کی رقوم کی بقایہ جات<br>ج) اکاؤنٹ کے موجودہ اسٹیٹمنٹ میں مذکور تمام کارڈ ٹرانزیکشنز کی رقوم کی بقایہ جات<br>د) اکاؤنٹ کے موجودہ اسٹیٹمنٹ میں ابھی تک شامل نہ کی گئی تمام کارڈ ٹرانزیکشنز کی رقوم کی بقایہ جات<br>تمام ادائیگیاں اور قرضہ جات چاہے وہ بینک کی جانب سے لاگو ہوں گی یا ان کا تصفیہ ہوگا، بینک کی جانب سے لاگو ہوں گی ان تمام رقوم پر جو طویل عرصہ سے کارڈ اکاؤنٹ پر بل کی جاتی رہی ہیں۔ | | |
| کم از کم ادائیگی | **بقایہ جات کا 5% یا 500 روپے جو بھی زائد ہو۔**<br>کم از کم ادائیگی میں شامل ہو سکتی ہیں تمام فیس، سروس چارجز، اقساط، تاخیری چارجز اگر کوئی ہو۔<br>کسٹمر سے وصول کی جانے والی کم از کم رقم پہلے سروس چارجز، بینک فیس، اقساط کے بعد بقایہ رقم کی ادائیگی میں لگائی جائے گی۔ | | |
| حدود | • HBL گرین کریڈٹ کارڈ: کم از کم 20,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ 349,999 روپے، کیش ایڈوانس کی حد: پوری لمٹ کا 50%<br>• HBL گولڈ کریڈٹ کارڈ: کم از کم 350,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ 999,999 روپے، کیش ایڈوانس کی حد: پوری لمٹ کا 75%<br>• HBL پلاٹینم کریڈٹ کارڈ: کم از کم 1,000,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ 3,000,000 روپے، کیش ایڈوانس کی حد: پوری لمٹ کا 75% | | |
| تاریخ تنسیخ | کارڈ کے اجراء (نئے اور پرانے دونوں کے لیے) کی تاریخ سے 3 سال | | |

## ج) انشورنس

HBL کریڈٹ کارڈ پر درج ذیل انشورنس پلان پیش کئے جاتے ہیں۔ HBL کریڈٹ کارڈ کے حصول پر انشورنس سہولیات سے متعلق تفصیلات، پریمیم اور اندراج کے لیے براۓ مہربانی ہمارے 24 گھنٹے فعال HBL کانٹیکٹ سینٹر کے نمبر 425-111-111 پر رابطہ کریں۔ ان پروڈکٹس میں بینک کا کردار ایک ڈسٹری بیوٹر / کارپوریٹ ایجنٹ کا ہوگا۔ انشورنس کمپنی کی جانب سے بینک آپ کے کریڈٹ کارڈ سے پریمیم کی رقم منہا کرے گا۔ تمام دستاویزات اور/یا کلیم وغیرہ کے امور انشورنس کمپنی خود انجام دے گی۔

| نمبر | پلان کا نام | نمبر | پلان کا نام | نمبر | پلان کا نام |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کریڈٹ شیلڈ | 3 | ٹوٹل ایشورنس پلان | 5 | سیکیور والٹ پلان |
| 2 | انکم کنٹی نیوئیشن پلان | 4 | ٹریل ہیلتھ | 6 | فیملی پروٹیکشن پلان |

## د) پروڈکٹ کیٹگری

پروڈکٹ کیٹگری کا انتخاب جیسا کہ درخواست فارم میں دیا گیا ہے مثلاً گرین یا گولڈ یا پلاٹینم کو ترجیحی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔ جبکہ اس کا دارومدار منظوری کے وقت کریڈٹ لمٹ سے مشروط ہوگا اور یہ تبدیل بھی کیا جا سکتا ہے۔

## ھ) ڈائریکٹ ڈیبٹ فیسیلیٹی

ڈائریکٹ ڈیبٹ فیسیلیٹی HBL کے موجودہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے لازمی ہے؛ تاہم، "کم از کم ادائیگی" یا "مکمل ادائیگی" کے انتخاب کا اختیار مکمل طور پر آپ کے پاس ہے۔

نوٹ: وہ کسٹمرز جنہوں نے PKR میں HBL ڈپازٹ پر مبنی اکاؤنٹ کو برقرار رکھا ہوا ہے، وہ ڈائریکٹ ڈیبٹ فیسیلیٹی حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم، رننگ فنانس اور اوورڈرافٹ اکاؤنٹ ڈائریکٹ ڈیبٹ فیسیلیٹی کے لیے مجاز نہیں ہونگے۔

### و) نئی پروموشنز / خدمات

HBL کریڈٹ کارڈ پر HBL نئی پروموشنز / سروسز پیش کرتا ہے جس کے لیے ہم اپنے کسٹمرز سے رابطہ کر سکتے ہیں یا اُن کو SMS، ای میل، پُش نوٹیفکیشنز یا ای-اسٹیٹمنٹس کے ذریعے مطلع کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اس طرح کی آفرز / پروموشنز کے لیے رابطہ نہ کیے جانے کی خواہش رکھتے ہیں، تو براہِ مہربانی دیے گئے چیک بکس کو ٹِک کریں: ☐ (کال مت کیجئے)

نوٹ: HBL کریڈٹ کارڈ کے اجراء پر، آپ اپنی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ہمارے چوبیس گھنٹے HBL کانٹیکٹ سینٹر کے نمبر 425-111-111 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

### ز) کسٹمر کے رابطے کا مرکز

برائے مہربانی کسی بھی شکایت کی صورت میں بِلا جھجک ہمارے 24 گھنٹے فعال HBL کانٹیکٹ سینٹر کے نمبر 425-111-111 پر رابطہ کریں۔

### ح) اِسلامک بینکنگ کسٹمرز

HBL میں اسلامی اکاؤنٹ رکھنے والے کسٹمرز نے اس بات کی تصدیق کر دی ہے اور وہ اس بات کو بخوبی سمجھتے ہیں کہ HBL کریڈٹ کارڈ ایک کنونشنل پروڈکٹ ہے اور اس بات کا اقرار کیا ہے کہ اسلامی بینکاری اکاؤنٹ سے HBL کریڈٹ کارڈ کی ادائیگیاں (کم از کم، جزوی یا مکمل ادائیگی) منہا کی جا سکتی ہیں جو کہ ایک کنونشنل پروڈکٹ ہے۔

### ط) معلومات سے آگہی

HBL کے موجودہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے کریڈٹ کارڈ کے درخواست فارم میں دی جانے والی معلومات کریڈٹ کارڈ کی سہولت کی منظوری پر کریڈٹ کارڈ درخواست فارم میں ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشنز کے لیے دیے گئے HBL ڈپازٹ اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ منسلک بینک ریکارڈز میں بھی اپ ڈیٹ کی جا سکتی ہے۔

HBL کے موجودہ کریڈٹ کارڈ ہولڈرز کے لیے، نئے کریڈٹ کارڈ کے درخواست فارم میں دی جانے والی معلومات، کریڈٹ کارڈ سہولت کی منظوری پر، موجودہ کریڈٹ کارڈ سے متعلق بینک ریکارڈز میں اپ ڈیٹ کی جا سکتی ہے۔

بینک اپنا حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسٹمر کے پتے میں رہائشی، ڈاک اور دفتر کے پتے میں سے کسی بھی ایک پر خط و کتابت کرے۔ اسی طرح کسٹمر کی جانب سے اگر کوئی تبدیلی کی درخواست موصول ہوتی ہے تو اسی کو تمام خط و کتابت کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ کسٹمر کی جانب سے ایڈریس میں تبدیلی سے متعلق آگہی میں ناکامی کی صورت میں بینک کسی بھی غلط ترسیل کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی ہدایات کے مطابق، بی سی اور سی پی ڈی سرکلر نمبر 06، 2021، مورخہ 22 جون 2021 کے تحت، ہمارے لیے آپ کے علم میں یہ لانا ضروری ہے کہ واجب الادا ادائیگی / دیر سے ادائیگی کا کوئی دورانیہ (''ڈیفالٹ'') اور / یا اس طرح کے ڈیفالٹ کے سلسلے میں رائٹ - آف اور / یا مارک - اپ کی تبدیلی وغیرہ کی شکل میں کوئی مالی ریلیف، آپ کی e-CIB رپورٹ میں اس طرح کے ڈیفالٹ کو ایڈجسٹ کرنے کی تاریخ سے دو (2) سال کے عرصے تک اس کی رپورٹ اور عکاسی ہوتی رہے گی۔ e-CIB کی دو (2) سال کی مدت سے زائد رپورٹنگ ہونے کی صورت میں کسی بھی طرح کے سوالات یا شکایات کے سلسلے میں، برائے مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔